11/04/2026

12:30 /PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میناشفاق امین

منوج سنہا

جموںو کشمیر میں نشہ کی بدعت کا قلع قمع کرنے اور لوگوں میں اس حوالے سے جامع بیداری پیدا کرنے کےلئے یوٹی میں آج سے نشہ مکت جموںو کشمیر ابھیان کے تحت100روز پر مشتمل ایک بیداری مہم کا آغاز ہو رہا ہے۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ابھیان کے تحت آج جموں میں ایک پد یاترا کو بھی جھنڈی دکھا کر روانہ کر رہے ہیں۔ اس سے پہلے کل ایک پیغام میں ایل جی نے سول سوسائٹی، ماہرین تعلیم، کھلاڑیوں ، سیاسی جماعتوں کے نمائندوں اور سماج کے سبھی طبقوں سے وابستہ افراد کو منشیات سے پاک ایک سماج وجود میں لانے کا عہد کریں۔

-------LG--------

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے کہا ہے کہ سرکار جموں اور سرینگر شہروں کی یکساں ترقی کے لئے
پ

ر عزم ہے۔ یہ بات انہوں نے کل سول سیکریٹریٹ جموں میں عوامی مسائل کا جائزہ لینے کے ± دوران کہی۔ اس موقعہ پر جموں کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے عوامی وفود نے نائب وزیر اعلیٰ کے ساتھ ملاقات کر کے اپنے مطالبات ان کے سامنے رکھے۔

CS

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کہا ہے کہ مردم شماری 2027محض اعداد و شمار کی ایک مشق ہی نہیں ہے بلکہ یہ ایک قومی ڈیجیٹل اصلاحات کا مشن ہے جو وکست بھارت اور شواہد پرمبنی پالیسی منصوبہ بندی کیلئے ایک بنیاد فراہم کرے گی۔

کل ابھینو تھیٹر جمونمیں سینسس2027سے متعلق منعقدہ ایک اجلاس میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے اٹل ڈلو نے ڈیٹا کو ملک کی اقتصادی ترقی کو نئی جلا بخشنے کیلئے ایک اہم جُز قرار دیا ۔

روح اللہ

ممبر پارلیمنٹ آغاہ سید روح اللہ نے گاندربل میں ایک میٹنگ کے دوران ضلع اسپتال گاندربل میں لوگوں کو دستیاب طبی سہولیات اور وہاں جا ری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔

انہوں نے اسپتال انتظامیہ اور عملے کی تعریف کر تے ہوئے کہا کہ طبی سہولیات میں مزید بہتری لانے کےلئے لازمی اقدامات کئے جانے چاہئیں۔ انہوںنے اسپتال میں مختلف سکیموں کے تحت1کروڑ 29لاکھ روپے منظور کئے۔

خراج عقیدت

کو ان کے جنم دن کے Jyotiba Phule قوم آج معروف سماجی کارکن اور اصلاح کار مہاتما کے ہمراہ Phule نے اپنی اہلیہ ساوِتری Phule موقعے پر خراج عقیدت ادا کر رہی ہے۔ مہاتما خواتین کی تعلیم اور ان کی بااختیاری نیز سماج سے ذات پات کے بید بھاؤ کو ختم کرنے کےلئے بے مثال کام کیا۔

رادھا کرشنن، وزیر اعظم نریندر مو دی لوک سبھا CP صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ، نائب صدر ستھل پر انہیں Prerna کے سپیکر اوم برلا اور دیگر اہم شخصیات نے پارلیمنٹ کے احاطے میں خراج عقیدت ادا کیا۔

کو ان کی جنم Jyotiba Phule ادھر جمونو کشمیر کے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی مہا تما کو ایک دانشمند سماجی Phule جینتی پر خراج عقیدت ادا کیا ہے۔ ایک پیغام میں انہوںنے مہاتما اصلاح کار، تعلیم دان اور مساوات کا چمپئن قرار دیا۔

سرینگرDC

سرینگر کے ضلع ترقیاتی کمشنر اکشے لابرو نے کل سرینگر میں شہر خاص کے کئی علاقوں کا دورہ کر کے وہاں جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔

انہوں نے پُرانے اور نئے زینہ کدل اور عالی کدل پر جا ری فینسنگ کے کام کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔ انہوںنے یہ کام جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایات دیں۔

موصوف نے ایک میٹنگ کے دوران بیساکھی کے سلسلے میں کئے جا رہے DCدریں اثناء اقدامات کا جائزہ لیا۔

بڈگامDC

کے کام کا KPDCLبڈگام کے ضلع ترقیاتی کمشنر اطہر عامر خان نے کل ایک میٹنگ کے دوران سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کی پیش رفت کے بارے میں بھی جانکاری PMجائزہ لیا۔ انہوننے حاصل کی۔

نے ضلعے میں بجلی کے بنیادی ڈھانچے کو جدید بنانے اور بجلی سہولیات میں مزید بہتری DC لانے سے متعلق مزید اقدامات کرنے کی ہدایات دیں۔

کولگامDC

ضلع ترقیاتی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے افسروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ضلعے میں منشیات پر قابو پانے کےلئے 100دنوں پر مشتمل نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت تمام تیاریوں کو مکمل کریں۔

کل ایک جائزہ میٹنگ کے دوران انہوننے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ ضلعے بھر میں مہم کے تحت بیداری پروگراموں کا انعقاد کریں۔

اننت ناگDC

اننت ناگ کے ضلع ترقیاتی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ کی صدارت میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران مال محکمے کے کام کاج اور حکومت کی سکیموں کا جائزہ لیا گیا۔

ترقیاتی کمشنر نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ ضلعے میں ریونیو دستاویزات کی ڈیجیٹائزیشن کا کام معیاد بند مدت کے اندر مکمل کریں۔

سکاسٹ

شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کے وائس چانسلر نہرو انٹرنیشنل ایجوکیشن ایڈمنسٹریٹرس Bright Full پروفیسر نذیر احمد گنائی کو2025-26کے ایوارڈ کےلئے منتخب کیا گیا ہے۔

نے عمل میں لایا ہے جس کے United States India Educational Foundationیہ انتخاب تحت پروفیسر گنائی کو بھارت کے ممتاز تعلیمی رہنماؤں کے منتخب گروپ میں شامل کیا گیا ہے۔

بیداری پروگرام

ڈسڑکٹ لیگل سروسز اتھارٹی سرینگر کی طرف سے کل سینٹرل جیل سرینگر میں جیل مکینوں کےلئے ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔

ڈسڑکٹ لیگل سروسز اتھارٹی سرینگر کے چیرمین حق نواز زرگر کی صدارت میں منعقدہ اس پروگرام کے دوران جیل مکینوں کے قانون حقوق اور انہیں دستیاب مفت لیگل ایڈ خدمات کو اُجاگر کیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

....

....

.....